# اصلاح و دعوت

محمد ذکوان ندوی

# تزکیہ: ایک ربانی کردار

www.javedahmadghamidi.com
www.al-mawrid.org

ایک طویل روایت حدیث کی مختلف کتابوں میں آئی ہے۔ اِس روایت کا آخری حصہ یہ ہے: 'قال رجل: وما تزکيةِ المرء نفسَہ یا رسول اللّٰہ؟ قال: یعلم أن اللّٰہ معہ حیث ما کان'،[1] یعنی ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ آدمی کا اپنے نفس کا تزکیہ کرنا کیا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ اپنے نفس کا تزکیہ یہ ہے کہ آدمی اِس حقیقت کو جانے کہ اللہ اُس کے ساتھ ہے، وہ جہاں کہیں بھی ہو۔ اِسی بات کو ایک اور روایت میں اِن الفاظ میں بیان کیا گیا ہے: 'إن أفضل الإيمان أن تعلم أن اللّٰہ معک حیث ما کنت'،[2] یعنی ایمان کا بہتر درجہ یہ ہے کہ تم یہ جانو کہ اللہ تمھارے ساتھ ہے، تم جہاں کہیں بھی ہو۔

اِن روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ تزکیہ کسی آدمی کے اندر خداوند ذوالجلال کی شعوری دریافت (ایمان) کے نتیجے میں پیدا ہونے والی ایک ربانی شخصیت کا نام ہے۔

تزکیہ یہ ہے کہ آدمی اِس دنیا میں خدا کی موجودگی کا تجربہ کرنے لگے۔ خدا کی پکڑ کا احساس اُس کی جلوت اور اُس کی خلوت، دونوں کو پوری طرح بدل دے۔ وہ ایک باکردار انسان ہو۔ وہ ایمان اور اخلاق کا عملی نمونہ ہو۔ وہ لوگوں کے سامنے بھی خدا سے ڈرنے والا ہو، اور تنہائیوں میں بھی خدا کا خوف اُس کا نگراں بنا ہوا ہو۔ اس کے اندر سے قول و عمل کا تضاد مکمل طور پر ختم ہو گیا ہو۔ اس کے ظاہر اور اس کے باطن میں کوئی فرق موجود نہ ہو۔ وہ

---

۱۔ سنن البیہقی، رقم ۷۰۶۷۔

۲۔ الطبرانی، رقم ۸۷۹۱۔

پورے معنوں میں ایک قابل پیشین گوئی کردار (predictable character) کا حامل ہو۔ اُس کا کنسرن (concern) خدا کی رضا اور جنت کا حصول ہو، نہ کہ دوسری اور کوئی چیز۔ وہ اصول کی بنیاد پر متحرک ہوتا ہو، نہ کہ مفاد کی بنیاد پر۔ اس کی زندگی ایک حقیقت پسندانہ زندگی ہو۔ اُس کی سوچ تعصبات سے خالی ہو۔ وہ گروہی عصبیتوں سے بلند ہو گیا ہو۔ وہ ایک متواضع (modest) انسان ہو، نہ کہ متکبر (arrogant) انسان۔ خدائے برتر کی دریافت نے اُس کو آخری حد تک ایک کٹ ٹو سائز انسان (man cut to size) بنا دیا ہو۔ خدا کے ظاہر ہونے سے پہلے وہ اپنے پورے وجود کے ساتھ خدا کے آگے جھک گیا ہو۔

یہی وہ انسان ہے جس نے اپنا تزکیہ کیا، اور جو شخص اِس طرح اپنا تزکیہ کرے، وہ بلاشبہ ایک ربانی انسان ہے۔ تزکیہ اپنے اندر اِسی قسم کی ایک ربانی شخصیت کی تعمیر کا نام ہے، نہ کہ مجہول قسم کی کسی پر اسرار حالت کا نام۔

---

www.javedahmadghamidi.com
www.al-mawrid.org